جب کپڑا کشادہ ہو تو اس کے دونوں کناروں کو ایک دوسرے کے مخالف کندھوں پر ڈال لو اور جب کپڑا تنگ ہو تو اسے اپنی کمر پر باندھ لو>

سعید بن حارث کہتے ہیں کہ ہم نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے ایک کپڑے میں نماز پڑھنے کا حکم پوچھا؟ انہوں نے کہا میں نبی ﷺ کے ہمراہ آپ کے کسی سفر میں نکلا، ایک رات اپنی کسی ضرورت سے میں (آپ کے پاس) آیا تو آپ کو نماز پڑھتے ہوئے پایا اور میرے (جسم کے) اوپرایک کپڑا تھا، تو میں نے اس سے اشتمال کیا (یعنی اپنے جسم پر لپیٹ لیا) اور آپ کے پہلو میں (کھڑے ہو کر) نماز پڑھی جب آپ ﷺ فارغ ہوئے تو فرمایا کہ اے جابر! رات کو کیسے آنا ہوا؟ میں نے آپ کو اپنی ضرورت سے باخبر کیا، جب میں فارغ ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا :"یہ اشتمال جو میں نے دیکھا،کیسا تھا؟" میں نے کہا ایک کپڑا تھا،یعنی تنگ تھا، آپ ﷺ نے فرمایا:" اگر کپڑا کشادہ ہو تو اسے جسم پر لپیٹ لو، اور اگر تنگ ہو تو اسے تہ بند کی صورت میں باندھ لو" اورصحیح مسلم کی روایت میں ہے:"جب کپڑا کشادہ ہو تو اس کے دونوں کناروں کو ایک دوسرے کے مخالف کندھوں پر ڈال لو (داہنے کنارے کو بائیں کندھے پراور بائیں کنارے کو داہنے کندھے پر ڈال لو) اور جب کپڑا تنگ ہو تو اسے اپنی کمر پر باندھ لو"

[صحیح] [متفق علیہ]

جابر رضی اللہ عنہ نبی ﷺ کے ساتھ بعض سفر میں نکلے، ایک رات ان کو آپ ﷺ سے کچھ ضرورت پڑگئی، چنانچہ خبر کرنے کے لیے آپ کے پاس آئے تو آپ کو نماز پڑھتے ہوئے پایا جابر رضی اللہ عنہ کےجسم پر صرف ایک کپڑا تھا،تو انہوں نے اسے اپنے جسم پر لپیٹ کر اس کے دونوں کناروں کو اپنے کندھے پر ڈال لیا اور آپ کے پہلو میں کھڑے ہو کر نماز پڑھی ،نماز سے فراغت کے بعد آپ ﷺ نے ان سے دیر رات میں آنے کا سبب پوچھا تو انھوں نے اپنی وہ حاجت بتلائی جس کی وجہ وہ آئے تھے، چنانچہ جب اپنی ضرورت بیان کر چکے تو آپ ﷺ نےکپڑے میں لپٹنے کے سلسلے میں ان پر نکیر، کیونکہ وہ تنگ تھا اور انھیں حکم دیا کہ اگر کپڑا کشادہ ہے تو اسے جسم کے اوپر نیچے تمام حصے پر لپیٹ کر کندھے پر ڈال لو بائیں کنارے کو داہنے کندھے پر اور داہنےکنارے کو بائیں کندھے پر ڈال لو تاکہ ازار اور چادر بن جائے اور پورا جسم ڈھک جائے تو یہ سب سےزیادہ ساتر اور ہیئت کے لحاظ سے سب سے خوبصورت ہے،اور اگر کپڑا اتنا تنگ ہوکہ اس سے ازار اور چادر دونوں نہ بن سکے تو اس کو اپنی کمر پر باندھ کر ازار بنا لو تاکہ بدن کا نچلا حصہ ڈھک جائے

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/10638